# 04-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کابینہ کا اجلاس آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی زیرصدارت دوپہر میں سکریٹریٹ میں شروع ہوا ہے۔ کالیشورم پراجکٹ کے تعلق سے جسٹس گھوش کمیشن کی رپورٹ پیش کی گئی۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے 20 ماہ کے کم عرصہ میں ہی حیدرآباد کو گلوبل جی سی سی دارالحکومت اور ایک بڑے مرکز میں تبدیل کردیا گیا ہے۔

۳۔تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے پسماندہ طبقات کے لیڈرس آج ایک خصوصی ٹرین کے ذریعہ نئی دہلی کے لئے روانہ ہوئے جہاں وہ بی سی طبقہ کے لئے 42 فیصد تحفظات کا مطالبہ کرتے ہوئے تین روزہ مہم میں حصہ لیں گے۔

۴۔ضلع ملگو کے مختلف دوردراز والے مواضعات میں سڑکوں کی تعمیر کے پراجکٹس کو تلنگانہ اسٹیٹ وائلڈ لائف بورڈ نے منظوری دے دی ہے۔

WEATHER

محکمہ موسمیات ( آئی ایم ڈی ) نے حیدرآباد اور ملحقہ علاقوں میں آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ تیز ہواؤں کی پیش گوئی کی ہے۔محکمہ کے آج جاری کردہ بلیٹن کے مطابق، ریاست تلنگانہ کے تمام 33 اضلاع کے کچھ مقامات پر گرج چمک، بجلی گرنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ناگرکرنول اور جوگولمبا گدوال اضلاع میں پرسوں کچھ مقامات پر موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے۔اس دوران، آج شام حیدرآباد کے کئی علاقوں میں بارش ہوئی۔

CM-GCC

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج امریکی دواساز کمپنی ایلی للّی کے گلوبل کیپیبیلٹی سینٹر (جی سی سی ) کا حیدرآباد میں افتتاح کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ صرف 20 ماہ میں حکومت نے حیدرآباد کو عالمی جی سی سی مرکز بنادیا ہے۔انہوں نے وزیر آئی ٹی ڈی سری دھر بابو کی وژن اور محنت کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی '' تلنگانہ رائزنگ 2047'' کے ویژن کی بدولت ممکن ہوئی ہے۔وزیراعلیٰ نے

مزید کہا کہ حیدرآباد اب دنیا کی اعلیٰ دواساز اور بایوٹیکنالوجی کمپنیوں کے جدید مراکز کے لیے پسندیدہ مقام بن چکا ہے۔ یہ سینٹر ایلی للّی کی جدید ٹیکنالوجی کو یکجا کرے گا، تاکہ اختراعات میں تیزی، کارکردگی میں بہتری، اور دنیا بھر کے مریضوں کے لیے صحت کے نتائج کو بہتر بنایا جاسکے۔

BC RESERVATION

تلنگانہ کے پسماندہ طبقات (بی سی) کے لیڈر آج ایک خصوصی ٹرین کے ذریعے دہلی کیلئے روانہ ہوئے تاکہ 42 فیصد بی سی ریزرویشن کے نفاذ کے لیے تین روزہ مہم میں حصہ لے سکیں۔ یہ مظاہرہ جنتر منتر پر پرسوں ہوگا جس میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اوران کے کابینی رفقا بھی شریک ہوں گے، تاکہ بی سی ریزرویشن بلوں کی صدارتی منظوری کا مطالبہ کیا جاسکے۔ ریاستی کانگریس صدر بی مہیش کمار گوڑ، آل انڈیا کانگریس انچارج میناکشی نٹراجن، وزراء پونم پربھاکراورسری ہری نے آج صبح چیرلا پلی ریلوے اسٹیشن سے ٹرین کو روانہ کیا۔نٹراجن دہلی تک سفر کریں گی جبکہ باقی تین رہنما الائرتک جائیں گے اور پھر دہلی دھرنے میں شریک ہوں گے۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے گوڑ نے کہا کہ بی سی قائدا پنے دستوری اور سماجی حقوق کے لیے دہلی جارہے ہیں۔بی سی ویلفیئر کے وزیر پونم پربھاکر نے کہا کہ بی سی ریزرویشن کی تحریک کسی ایک جماعت کی نہیں بلکہ سب کی ہے۔

KAVITHA

تلنگانہ جاگروتی کی صدراور رکن قانون ساز کونسل (ایم ایل سی) کے کویتا نے آج اندرا پارک کے قریب دھرنا چوک پر 42 فیصد بی سی ریزرویشن کے مطالبے کے لیے 72 گھنٹے کی بھوک ہڑتال شروع کی۔ یہ مظاہرہ تقریباً 112 بی سی برادریوں میں سے 40 کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔

KOMATIREDDY

ریاستی وزیر سڑک وعمارات کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے آج کہا کہ نلگنڈہ ضلع کو ایک تعلیمی مرکز میں تبدیل کیا جائے گا۔انہوں نے گندھم واری گوڈیم میں 200 کروڑ روپے کی لاگت سے '' ینگ انڈیا انٹیگریٹڈ رہائشی اسکول'' کی سنگ بنیاد تقریب میں کہا کہ یہ اسکول ریاست کے لیے ایک ماڈل کے طور پر کام کرے گا۔انہوں نے انجینئرنگ حکام کو ہدایت دی کہ تعمیرات کو 9 ماہ میں مکمل کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ ریاستی حکومت تلنگانہ میں ایسے انٹیگریٹڈ رہائشی اسکولوں کی تعمیر کے لیے 20,000 کروڑ روپے کا منصوبہ بنارہی ہے۔

PAR-ADJOURN

پارلیمنٹ کے دونوں ایوان آج کی کارروائی کے لیے ملتوی کر دیے گئے۔راجیہ سبھا کی کارروائی جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر رہنما اور موجودہ رکن پارلیمنٹ شِبو سورین کی موت پرخراج عقیدت پیش کرنے کے بعد ملتوی کر دی گئی۔لوک سبھا کی کارروائی بہار میں ہونے والی ''اسپیشل انٹینسیو ریویژن'' مشق پر اپوزیشن کے احتجاج کے باعث متاثر ہوئی۔دوپہر 2؛ بجے جب ایوان دوبارہ شروع ہوا تو اپوزیشن اراکین نعرے بازی کرتے ہوئے ایوان کے وسط میں آ گئے۔پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا کہ کاروباری مشاورتی کمیٹی کی میٹنگ میں طے ہوا تھا کہ آج قومی کھیلوں کے نظم ونسق بل 2025 اور قومی اینٹی ڈوپنگ (ترمیمی) بل 2015 پر بات ہوگی۔مگر ہنگامہ آرائی کے باعث اسپیکر نے ایوان کی کارروائی ملتوی کر دی۔راجیہ سبھا میں صبح 11 بجے شِبو سورین کوخراج عقیدت پیش کیا گیا اور بعدازاں خاموشی اختیار کی گئی،جس کے بعد ایوان پورے دن کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔

Condolences

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے جھارکھنڈ کے سابق سی ایم شیبوسورین کی موت پر اظہار تعزیت کیا ہے۔گروجی کے نام سے مشہور سرکردہ لیڈر نے علیحدہ ریاست جھارکھنڈ کی تحریک کیلئے اہم رول ادا کیا۔ریونت ریڈی نے علیحدہ ریاست کیلئے سورین کی غیر معمولی جدوجہد کو یاد کیا۔

ICRISAT

اوڈیشہ حکومت نے اپنے ڈی اے ایف ای محکمہ کے ذریعہ حیدرآباد سے تعلق رکھنے والے ادارہ ICRISAT کے ساتھ ایک معاہدہ کیا ہے تاکہ کسانوں کو فائدہ ہو سکے۔ملک میں یہ پہلی نوعیت کا قدم ہے۔سی ایس آئی ایف آر اے پراجکٹ کو 2023ء میں شروع کیا گیا تھا اور اسے اوڈیشہ کے مختلف اضلاع میں نافذ کیا گیا ہے۔ادارہ کے ڈائرکٹر جنرل ہیمانشو پاٹھک نے کہا کہ اس پراجکٹ سے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔

Seethaka

تلنگانہ کے وائلڈ لائف بورڈ کی 9ویں میٹنگ ریاستی وزیر کونڈا سریکھا کی زیرصدارت سکریٹریٹ میں منعقد ہوئی۔میٹنگ میں مختلف مواضعات بشمول کنٹاناپلی،لوبیل،کونڈاپرتی،پوڈی سیلا،علی پورم،پکالا کوتہ گوڑم اور دبوگوڑم

میں مختلف سڑکوں کے پراجکٹس کی منظوری دی گئی۔قبائیلیوں کی وزیر سیتااکا نے طویل عرصہ سے زیرالتوااس پراجکٹ کومنظورکرنے پرسریکھااور بورڈممبرس کاشکریہ اداکیااور کہاکہ اس پراجکٹ سےضلع ملگو،قبائلی ترقی کیلئے ایک مثال بنے گا۔اس کےعلاوہ بورڈنے پکالاکوتہ گوڑہ میں ایک 30بستروں والےدواخانہ کی تعمیرکوبھی منظوری دی۔

Cabinet

تلنگانہ کابینہ کا اجلاس آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی زیرصدارت دوپہر میں سکریٹریٹ میں شروع ہوا ہے۔آبپاشی کےوزیراتم کماار ریڈی نے جسٹس پی سی گھوش کمیشن کی رپورٹ پیش کی۔جس میں کالیشورم پراجکٹ میں ہوئی کروڑہاروپے کی لین دین اور مالی بے قاعدگیوں کی تحقیقات کی گئی ہے۔انہوں نے کابینہ کواس موقع پر پاورپوائنٹ پرزنٹیشن کےذریعہ اہم باتیں بتائی۔اس رپورٹ میں سابق وزیراعلیٰ چندرشیکھرراؤاوراس وقت کے آبپاشی وزیرہریش راؤ کومالی بےقاعدگیوں کے لئے راست طورپرذمہ دارٹھہرایاگیاہے۔

add weather

شہرحیدرآبادکےمختلف علاقوں میں آج دوپہرشدیدبارش ہوئی جس سےکئی نشیبی علاقہ زیرآب آگئے۔کئی مقامات بشمول شیخ پیٹ،لکڑی کاپل اورسکندرآباد میں ٹریفک مسدودہوگئی۔اس کےعلاوہ اضلاع نلگنڈہ اوربھونگیر کے مختلف علاقوں میں بھی پچھلے چند گھنٹوں کےدوران شدیدبارش ہوئی ہے۔

OO